اوکاڑہ کنٹونمنٹ بورڈ، اوکاڑہ چھاؤنی

شرائط نیلام عام ہالٹیج فیس اوکاڑہ چھاؤنی

ہر خاص وعام کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی حقوق وصولی ہالٹیج فیس عرصہ مدت ایک سال کے لئے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں مورخہ **02** ستمبر 2024 کو بوقت :1100 بجے دن کیا جائے گا۔ بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ مورخہ **03** ستمبر 2024 اور سہ بارہ مورخہ **04** ستمبر 2024 کو ہوگی جس کی چیدہ چیدہ شرائط درج ذیل ہونگی۔

1۔ ہر بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل زربیعانہ مبلغ پانچ (05) لاکھ روپے کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر اوکاڑہ چھاؤنی ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانا ہوگا۔ جو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے باقی افراد کو بولی ختم ہونے کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ کو پالیسی کے تحت کل بولی کا 5^{th} / 1 حصہ بطور سیکیورٹی موقع پر ہی جمع کروانا ہوگی۔ موقع پر سیکیورٹی جمع کروانے میں ناکام رہنے پر زربیعانہ مبلغ پانچ لاکھ روپے بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس ماہانہ قسط کے ساتھ کینٹ بورڈ آفس میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

4۔ کامیاب فرم / ٹھیکیدار پہلے ماہ کی ایڈوانس قسط ادا کرے گا اور باقی 11 ماہ کی اقساط کے ایڈوانس چیک معاہدے سے پہلے جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

5۔ ٹھیکہ مجاز اتھارٹی / بورڈ کی حتمی منظوری کے بعد کامیاب بولی دہندہ کو دیا جائے گا۔ منظوری کے فوراً بعد فرم / ٹھیکیدار 07 یوم کے اندر اندر اپنے ہی خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کے ساتھ اشٹام پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا اور تحریری معاہدہ سے پہلے منظور شدہ ٹھیکہ کا آغاز نہ کر سکے گا۔

6۔ جمع شدہ 5^{th} / 1 حصہ بطور سیکیورٹی کی رقم آخری اقساط میں ایڈجسٹ کی جائے گی۔ مزید براں جمع شدہ سیکیورٹی میں سے کل بولی کا 2٪ ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے کے بعد آڈٹ مکمل ہونے کے بعد واپس کی جائے گی۔ اگر ٹھیکیدار ایگریمنٹ کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کرتا ہے تو بھی سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ بقیہ 11 ماہ کی اقساط ایڈوانس ہر ماہ کی 10 تاریخ تک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کروانے پر مبلغ 500 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ 15 تاریخ تک ماہانہ قسط جمع نہ کروانے کی صورت میں ہالٹیج فیس کے حقوق وصولی ٹھیکیدار کے ہی نفع و نقصان پر کینسل کر دیئے جائیں گے اور جمع شدہ 5^{th} / 1 حصہ کینٹ بورڈ کے حق میں ضبط تصور ہوگا۔

8۔ یہ کہ ٹھیکیدار ہالٹیج فیس درج ذیل شرح کے مطابق وصول کریگا اور شیڈول کے علاوہ اوور چارجنگ نہ کر سکے گا۔

ا۔	بس اے سی نان اے سی	مبلغ	-/130 روپے
۲۔	مزدہ، منی بس و کوسٹر	مبلغ	-/120 روپے
۳۔	ہائی ایس	مبلغ	-/90 روپے

9۔ ٹھیکیدار اور کنٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز و کنٹونمنٹس، ملتان ریجن ملتان کو بھجوایا جائے گا جو بحیثیت ثالث (Arbitrator) ثالثی فیصلہ کریں گے۔ فیصلہ دونوں پارٹیوں کو منظور ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کیا جا سکے گا۔

10۔ یہ کہ اگر ٹھیکیدار نے معاہدے کی کسی شق و شرائط کی خلاف ورزی کی تو کنٹونمنٹ بورڈ ٹھیکہ منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا اور ٹھیکیدار کی جمع شدہ سیکورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔

11۔ مذکورہ ٹھیکے پر PPRA قوانین لاگو ہیں۔

12۔ زیر دستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی ایک یا تمام بولیوں کو وجہ بتا کر (قبل از منظوری) PPRA قوانین کے تحت مسترد کر دے۔

مزید معلومات کے لئے دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں رابطہ کریں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

اوکاڑہ چھاؤنی۔